حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● **نام کتاب:** علوم الحدیث، اصول ومبادی　　**رشحات قلم:** شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب وتعلیقات: محمد عمار خان ناصر　　**ناشر:** دار الکتاب، یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

اشاعت اوّل: محرم ۱۴۳۸ھ/ اکتوبر ۲۰۱۶ء　　**قیمت:** ۴۵۰　　(مبصر: مفتی نجم الحق)

ملنے کا پتہ: مکتبہ امام اہل سنت، جامع مسجد شیرانوالہ باغ گوجرانوالہ 0306-6426001 / 0306-6406040

شیخ الحدیث امام اہل سنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ ہمارے ان علماء میں سے ہیں جن کو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے تصنیف وتالیف میں تحقیق واحقاقِ حق کا خصوصی ذوق عطاء فرمایا تھا۔ آپ نے جس موضوع پر قلم اٹھایا اس کا ہر جہت سے احاطہ کیا۔ حضرت کا مزاج یہ تھا کہ زیر بحث مسئلہ کی تحقیق میں دسیوں حوالہ جات قلم بند فرماتے تھے۔ اس طرح حضرت کی تصنیف جہاں ایک فروعی مسئلہ کی تحقیق پیش کرتی ہے وہاں دینی علوم کے اصول اور مستقل افادیت رکھنے والے مباحث کا گراں قدر ذخیرہ ہوتی ہے۔ قاری جہاں ایک فروعی مسئلہ سے متعلق دلائل سے سیراب ہوتا ہے وہاں دین اسلام کے اہم ماخذ واصول کے بیش بہا ذخیرہ سے بھی فیض یاب ہوتا ہے۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے جناب محمد عمار خان ناصر اپنے جدِ مکرم کی کتب سے ان اصولی مباحث کو یکجا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ قاری کے سامنے یہ بنیادی مباحث مثبت انداز میں آجائیں اور وہ اختلافی تناظر سے ہٹ کر دین کے اصول و ماخذ میں حضرت کے حاصل مطالعہ سے مستفید ہو سکے۔ اس کوشش کا پہلا ثمر زیر تبصرہ کتاب ہے۔ اس کتاب میں علوم الحدیث سے متعلق درج ذیل مباحث کو جمع کیا گیا ہے۔

۱: علوم الحدیث مختصر تعارف　　۲: روایۃ حدیث اور ان کی توثیق　　۳: سند کے اتصال وانقطاع کی تحقیق

۴: تنقید متن کے چند اہم پہلو　　۵: ماخذ حدیث اور ان کا استنادی معیار　　۶: متفرق مباحث

اللہ سبحانہ وتعالیٰ، حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ کی دیگر کتب کی طرح اس گلدستہ کو بھی شرفِ قبولیت عطاء فرمائے اور مسلمانوں کے لیے نافع بنائے۔ آمین

● **ماہنامہ:** المدینہ　　**خصوصی شمارہ** ''عشرہ مبشرہ نمبر''　　**سرپرست اعلیٰ:** حاجی مسعود پاریکھ

نومبر۔ دسمبر ۲۰۱۶ء مطابق صفر ربیع الاوّل ۱۴۳۸ھ　　**قیمت:** ۴۰۰　　(مبصر: مفتی نجم الحق)

ملنے کا پتہ: ماہنامہ المدینہ، صائمہ ٹاورز، روم نمبر A.205، سیکنڈ فلور، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔ 0300-2204255

ماہنامہ ''المدینہ'' حاجی مسعود پاریکھ کی سرپرستی اور قاری حامد محمود کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ ''المدینہ'' وقتاً فوقتاً مذہب وسماج سے متعلق مہتم بالشان پہلوؤں پر خصوصی نمبر شائع کرتا ہے جس سے قاری کو اہم مسائل سے متعلق معلومات یکجا پڑھنے کو مل جاتی ہیں۔ زیر